بسم اللہ الرحمن الرحیم

- امریکی امداد کا تعطل • غیر اسلامی قوانین اور زنا دیانیت کا تحفظ
- مسئلہ افغانستان • بیرون ملک پاکستانی حج کا شرمناک کردار
- ارباب حکومت شریعت نہیں اکبر کا دین الٰہی چاہتے ہیں
- شریعت بل اور بہروپئے وزیر و مشیر

پاکستان کے سب سے بڑے جمہوری ادارے سینٹ میں جناب مولانا سمیع الحق مدیر الحق نے ۲۱ اور ۲۴ ستمبر کو بعض قومی و ملی، عالمی اور اہم ملکی مسائل پر تحاریک التواء پیش کر کے بحث اور خطاب فرمایا ذیل میں سینٹ سیکرٹریٹ کی رپورٹ سے نقل کر کے پیش خدمت قارئین ہے (ادارہ)

۲۴ ستمبر سات بجکر تیس منٹ

مولانا سمیع الحق | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب میں تحریک التوا پیش کرتا ہوں کہ حالیہ اجلاس ملتوی کر کے ملکی و قومی اور دفاعی اہمیت کے اہم ترین مسئلہ "پاکستان کو امریکی امداد کے تعطل" کو زیر بحث لایا جائے ۔ ملکی سرحدات استحکام اور بقا و تحفظ کے پیش نظر اس قدر اہم مسئلہ میں تاخیر اور اب تعطل پوری قوم کے لئے تشویش اور غیر یقینی صورت حال کا باعث ہے ۔ متعلقہ تمام پہلوؤں کے ساتھ یہ امر بھی قابل غور ہے کہ امریکہ کے سینٹ کی ، ارکنی خارجہ تعلقات کی کمیٹی نے پاکستان کی فوجی اور اقتصادی امداد کے لئے اپنی قرارداد میں جو شرائط شامل کی ہیں ان میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ امریکی صدر ہر سال اس مفہوم کا ایک سرٹیفکیٹ جاری کریں کہ حکومت پاکستان اقلیتوں مثلاً احمدیوں کو مکمل شہری اور مذہبی آزادیاں نہ دینے کی روش سے باز آ گئی ہے ۔ اور ایسی تمام سرگرمیاں ختم کر رہی ہے جو مذہبی آزادیوں پر قدغن عائد کرتی ہیں ۔

جناب چیئرمین ۔ مائیک خراب ہونے کی وجہ سے آواز صاف سنائی نہیں دے رہی ۔

مولانا سمیع الحق | جناب والا ۔ پوری قوم کی نگاہیں اس مسئلہ پر لگی ہوئی ہیں ۔ اس سے پاکستان کی سالمیت اور تحفظ کا مسئلہ وابستہ ہے ۔ اس طرح سے ہر لحاظ سے یہ معاملہ قومی نوعیت کا ہے اس طرح سے آپ ایوان کو اس پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں ۔ یہاں کوئی حزب اقتدار اور حزب اختلاف والی بات نہیں ہے ۔ اس مسئلہ پر پورے ایوان کے جذبات ایک ہیں ۔

جناب والا ! کسی ملک کی امداد پر رہنا کسی غیور زندہ قوم اور مسلمان قوم کے لئے مناسب نہیں ہے ۔ ہم ایک